**07.05.2025**

**21.15 Hrs.**

**HL**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں آسیہ میمونہ

(Music)

---

☆ نئی دلّی نے زور دے کر کہا ہے کہ اگر اسلام آباد ''آپریشن سِندور'' کے تحت پاکستان میں بھارت کے حملوں کے بعد، کشیدگی کی صورتحال میں اضافہ کرنا چاہتا ہے تو وہ جوابی کارروائی کرنے کیلئے پورے طور پر تیار ہے۔

☆ بھارت کی مسلح افواج نے ہولناک پہلگام دہشت گردانہ حملے کی جوابی کارروائی میں، پاکستان اور پاکستان کے قبضے والے کشمیر کے علاقوں میں دہشت گردوں کے 9 بنیادی ڈھانچوں کو تہس نہس کردیا۔

☆ وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ نے کہا ہے کہ دہشت گردوں کے خفیہ ٹھکانوں کو نشانہ بناکر بھارت نے جوابی کارروائی کرنے کے اپنے حق کا استعمال کیا ہے۔

☆ وزیرِ خارجہ اور قومی سلامتی کے مشیر نے، سرحد پار کی دہشت گردی کے خلاف بھارت کی ٹھوس کارروائی سے اپنے عالمی ہم منصبوں کو تفصیلات سے آگاہ کیا۔

☆ جموں و کشمیر کے پونچھ اور Tangdhar علاقوں میں لائن آف کنٹرول پر پاکستانی فائرنگ میں 15 شہری ہلاک اور 43 زخمی ہوگئے۔

☆ مرکزی وزیرِ داخلہ امت شاہ نے، پڑوسی ممالک کے ساتھ سرحدوں والی ریاستوں کے ساتھ میٹنگ کی صدارت کی۔

☆ اور چھتیس گڑھ کے بیجا پور ضلعے میں سکیورٹی فورسز کے ساتھ جھڑپ میں 22 ماؤ نواز ہلاک ہوگئے ہیں۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

## Operation Sindoor

نئی دلّی نے زور دے کر کہا ہے کہ اگر اسلام آباد ''آپریشن سِندور'' کے تحت پاکستان میں بھارت کے حملوں کے بعد، کشیدگی کی صورتحال میں اضافہ کرنا چاہتا ہے تو بھارت جوابی کارروائی کرنے کیلئے تیار ہے۔

یہ فوجی حملے آپریشن سندور کے تحت ، پاکستان اور پاکستان کے قبضے والے کشمیر کے علاقوں میں دیر رات گئے دہشت گردوں کے 9 ٹھکانوں پر کیئے گئے ۔ یہ حملے ہولناک پہلگام دہشت گردانہ حملے کی جوابی کارروائی میں کیئے گئے۔ کارروائی سے متعلق اپنے عالمی ہم منصبوں کو تفصیلات سے آگاہ کرتے ہوئے، قومی سلامتی کے مشیر اجیت ڈوبھال نے کہا کہ بھارت کے ذریعے کی گئی کارروائی نپی تلی ، کشیدگی میں اضافہ نہ کرنے والی اور محدود تھی۔

جناب ڈوبھال نے ''آپریشن سندور'' کے بعد مختلف ممالک کے اپنے ہم منصبوں سے بات کی، جن میں امریکہ، برطانیہ، سعودی عرب، متحدہ عرب امارات اور جاپان شامل ہیں۔ انہوں نے روس کے این ایس اے Sergei Shoigu، چین کے خارجی امور کے وزیر Wang Yi اور فرانس کے صدر کے سفارتی مشیر Emmanuel Bonne سے بھی بات کی۔ انہں نے زور دے کر کہا کہ بھارت کشیدگی میں اضافہ کرنے کا کوئی ارادہ نہیں رکھتا لیکن اگر پاکستان کشیدگی بڑھانا چاہتا ہے تو بھارت جوابی کارروائی کرنے کیلئے مکمل طور پر تیار ہے۔ قومی سلامتی کے مشیر اجیت ڈوبھال آنے والے دنوں میں اپنے ہم منصبوں کے ساتھ رابطے میں رہیں گے۔ بھارت کے ذریعے فوجی حملے رات دیر گئے ایک بجکر پانچ منٹ اور ایک بجکر تیس منٹ کے درمیان کئے گئے۔

اپنی جوابی کارروائی میں بھارت کی مسلح افواج نے دہشت گردی کے اُن بنیادی ڈھانچوں کو نشانہ بنایا، جہاں سے بھارت کے خلاف دہشت گردانہ حملوں کی منصوبہ بندی کی جاتی تھی اور ہدایت دی جاتی تھی۔ ہولناک پہلگام دہشت گردانہ حملے میں ، جموں وکشمیر میں پچھلے مہینے کی 22 تاریخ کو 26 افراد ہلاک ہوگئے تھے، جبکہ دیگر بہت سے زخمی ہوئے تھے۔

دہشت گردوں کے جن ٹھکانوں کو تہس نہس کیا گیا ان میں پاکستان میں سیالکوٹ میں Sarjal ، Muridke میں مہمونہ زویا اور مرکز طیبہ اور بہاولپور میں مرکز سبحان اللہ شامل ہیں۔

پاکستان کے قبضے والے جموں وکشمیر اور کشمیر کے علاقے میں دہشت گردوں کے جن کیمپوں کو تہس نہس کیا گیا ہے، اُن میں مظفرآباد میں سوائی نالہ اور سیدنا بلال، کوٹلی گلپور، Bimber اور کوٹلی عباس شامل ہیں۔

بھارتی فوج، بھارتی فضائیہ اور وزارت خارجہ نے آپریشن سندور سے متعلق آج صبح نئی دلی میں ایک مشترکہ پریس کانفرنس کی۔

میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے، بھارتی فوج کی کرنل صوفیہ قریشی اور بھارتی فضائیہ کی ونگ کمانڈر Vyomika Singh نے بتایا کہ آپریشن سندور پہلگام کے دہشت گردانہ حملے کے متاثرین کو انصاف دلانے کیلئے کیا گیا۔

کرنل قریشی نے ، اُن دہشت گردانہ ٹھکانوں کے بارے میں تفصیلات بتائیں، جن پر'' آپریشن سندور'' کے تحت حملے کئے گئے تھے۔

وِنگ کمانڈر Vyomika Singh نے کہا کہ بھارت کی مسلح افواج مستقبل میں پاکستان کے کسی بھی جارحانہ اقدام کا منہ توڑ جواب دینے کے لئے مکمل طور پر تیار ہیں۔

اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے خارجہ سکریٹری وکرم مسری نے کہا کہ پہلگام دہشت گردانہ حملے کی چھان بین سے دہشت گردوں کے ساتھ پاکستان کے رابطوں کا پردہ فاش ہوگیا ہے۔

جناب مسری نے کہا کہ Resistance Front نامی ایک گروپ نے پہلگام حملے کی ذمہ داری لی ہے اور اِس گروپ کا تعلق لشکرِ طیبہ سے ہے۔

**PM Cabinet**

وزیراعظم نریندر مودی نے ’آپریشن سندور‘ کو کامیابی کے ساتھ پورا کرنے کے لئے مسلح افواج کی ستائش کی۔ وہ نئی دلی میں مرکزی کابینہ کو آپریشن کو انجام دینے کی تفصیلات بتا رہے تھے۔ جناب مودی نے رات بھر آپریشن سندور کی مسلسل نگرانی کی۔

اسی دوران حکومت نے، آپریشن سندور کے تناظر میں کل صبح 11 بجے ایک کُل پارٹی میٹنگ بلائی ہے۔ میٹنگ کے دوران مختلف سیاسی پارٹیوں کے لیڈروں کو حکومت کے ذریعے آپریشن سے متعلق تفصیلات سے آگاہ کیا جائے گا۔

بعد میں دن میں وزیراعظم نریندر مودی نے راشٹر پتی بھون میں صدر جمہوریہ دروپدی مرمو سے ملاقات کی اور انھیں آپریشن کے بارے میں تفصلیات سے آگاہ کیا۔x

**Shah CM Meeting**

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے، پڑوسی ملکوں کے ساتھ سرحد والی ریاستوں کے وزراء اعلیٰ، پولیس کے ڈائریکٹر جنرلوں اور چیف سکریٹریوں کے ساتھ ایک میٹنگ کی صدارت کی۔ اس میٹنگ میں جموں و کشمیر، پنجاب، راجستھان، گجرات، اتراکھنڈ، اترپردیش، بہار، سکّم، مغربی بنگال کے وزراء اعلیٰ اور لداخ و جموں و کشمیر کے لیفٹیننٹ گورنروں نے شرکت کی۔x

**OPERATION Sindoor REX**

رہنماؤں نے اپنی اپنی پارٹی وابستگی سے قطع نظر بھارتی مسلح فوجوں کی طرف سے کیے گئے آپریشن سِندور کی ستائش کی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ، وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر اور اطلاعات و نشریات کے وزیر اشونی ویشنو نے انتقامی کارروائی کی ستائش کی ہے۔ دیگر رہنماؤں میں BJP کے صدر جے پی نڈّا، لوک سبھا میں اپوزیشن کے لیڈر راہل گاندھی، DMK کے سربراہ اور تمل ناڈو کے وزیراعلیٰ ایم کے اسٹالن، TDP کے سربراہ اور آندھراپردیش کے وزیر اعلیٰ این چندر بابو نائیڈو، TMC کی سربراہ اور مغربی بنگال کی وزیراعلیٰ ممتا بنرجی اور سماج وادی پارٹی کے صدر اکھلیش یادو نے بھی مسلح افواج کی اس کارروائی کو سراہا ہے۔x

**Air Strike World REX**

پاکستان اور پاکستان کے زیر قبضہ جموں و کشمیر میں بھارت کی جانب سے 9 دہشت گردانہ مقامات کو ہدف بناکر کئے گئے آپریشن سندور کی عالمی سطح پر حمایت کی جارہی ہے۔ مختلف ممالک نے دہشت گردی کے خلاف بھارت

کے اپنا دفاع کرنے کے حق کی حمایت کی ہے۔

اسرائیل کی جانب سے بھارت کی حمایت کرتے ہوئے، سفیر Reuvan Azar نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا ہے کہ دہشت گردوں کو یہ معلوم ہونا چاہئے کہ بے قصوروں کے خلاف ان کے گھناؤنے جرائم سے چھپنے کے لئے کوئی جگہ نہیں ہے۔

روس کی وزارت خارجہ کی ترجمانMaria Zakharova نے زور دے کر کہا ہے کہ دہشت گردی کی لعنت سے مؤثر انداز میں نمٹنے کے لئے عالمی سطح پر تعاون کی ضرورت ہے۔

جاپان اور جرمنی نے بھی دہشت گردی کے خلاف اپنے مضبوط موقف کا اعلان کیا ہے۔

امریکی صدر ڈونالڈ ٹرمپ نے کشیدگی میں تیزی سے کمی آنے کی امید ظاہر کی ہے۔

برطانیہ کے وزیر خارجہ David Lammy نے بھارت اور پاکستان پر زور دیا ہے کہ وہ تحمل کا مظاہرہ کریں اور ایک سفارتی حل تلاش کرنے کے لئے براہ راست بات چیت کے لئے آگے آئیں۔ x

## New Rajnath OPN Sindoor

وزیردفاع راجناتھ سنگھ نے آج کہا کہ بھارت نے آپریشن سندور پرعمل آوری کے لئے جوابی کارروائی کرنے کے اپنے حق کا استعمال کیا ہے اور یہ کارروائی سوچ سمجھے اور نپے تلے انداز میں کی گئی ہے۔ جناب سنگھ نے یہ بات نئی دلی میں سرحدی سڑکوں کی تنظیم BRO کے 66 ویں یوم تاسیس کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ انھوں نے کہا کہ مسلح افواج نے پاکستان اور پاکستان کے مقبوضہ کشمیر، PoK میں دہشت گردوں کو تربیت دینے والے کیمپوں کو تباہ کرنے کی غرض سے کامل درستگی، احتیاط اورمکمل توجہ کے ساتھ کارروائی کرکے تاریخ رقم کی ہے۔ وزیر موصوف نے یہ بھی کہا کہ مسلح افواج نے اس بات کو یقینی بناکر حساسیت کا اظہار کیا ہے کہ اِس کارروائی کے دوران کوئی بھی شہری آبادی متاثر نہ ہو۔

وزیر دفاع نے کہا کہ آپریشن سندور کا آغاز دہشت گردوں اور اُن کی گھناؤنی سازشوں کوختم کرنے کے لئے کیا گیا تھا اور یہ کہ کارروائی اُن کے کیمپوں اور دیگر بنیادی ڈھانچوں تک محدود تھی۔ وزیر موصوف نے کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت میں، ملک کی مسلح افواج نے دہشت گردوں کے کیمپوں کو تباہ کرکے منہ توڑ جواب دیا ہے۔ انھوں نے موجودہ جغرافیائی سیاسی منظر نامے کے تناظر میں مسلح افواج کے لئے نئی نسل کے بنیادی ڈھانچے تیار کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔ انھوں نے کہا کہ BRO کو اِس بات کو یقینی بنانا چاہئے کہ تمام تیاریاں جنگ کی سطح کی ہیں۔

## EAM- NSA- Operation Sindoor V/C

وزیرخارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر نے آج کئی ملکوں کے اپنے ہم منصبوں کے ساتھ بات کی، جن میں اسپین، جرمنی، فرانس اور جاپان کے ہم منصب شامل ہیں۔ انھوں نے اُن کے ساتھ آپریشن سندور کے تحت سرحد پار دہشت گردی کے خلاف بھارت کی جامع کارروائی پر بات چیت کی۔ قومی سلامتی کے مشیر اجیت ڈوبھال نے بھی پاکستان اور

پاکستان کے مقبوضہ جموں و کشمیر میں 9 مقامات پر دہشت گردوں اور دہشت گردی کے بنیادی ڈھانچوں پر مرکوز حملوں کے کچھ دیر بعد مختلف ممالک کے اپنے ہم منصبوں کے ساتھ بات کی۔ NSA آنے والے دنوں میں اپنے ہم منصبوں کے ساتھ رابطے میں رہے گا۔

## Rajnath Alert

راجستھان کے سرحدی علاقوں میں الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ سرحدی حفاظتی دستے اور راجستھان پولیس، سرحدی علاقوں میں خصوصی نگرانی اور چوکسی برت رہے ہیں۔ اس دوران وزیرِ اعلیٰ بھجن لال شرما نے آج جے پور میں اعلیٰ سطح کی ایک میٹنگ کی۔ انہوں نے سرحدی علاقوں میں خصوصی نگرانی رکھنے کی ہدایت دی ہے۔ جناب شرما نے اہلکاروں کو بتایا کہ مرکزی ایجنسیوں کے ساتھ تال میل کے ذریعے آفات کے بندوبست اور سوِل سکیورٹی کو یقینی بنانے کیلئے تمام ضروری اقدامات کئے جانے چاہئیں۔ چیف سکریٹری سدھانشو پنت نے لوگوں سے چوکس رہنے اور افواہوں پر دھیان نہ دینے کی اپیل کی ہے۔x

## Flight OPN Sindoor

آپریشن سندور کے پیش نظر، متعدد گھریلو پروازیں منسوخ کردی گئی ہیں۔ ائیر انڈیا نے اپنی ایڈوائزری میں مطلع کیا ہے کہ جموں، سری نگر، لیہہ، جودھپور، امرتسر، بھج، جام نگر، چنڈی گڑھ اور راجکوٹ کو جانے والی اور آنے والی سبھی پروازوں کو اس مہینے کی 10 تاریخ تک منسوخ کیا جاتا ہے۔

یہ فیصلہ شہری ہوابازی کی اتھارٹیز کی جانب سے اِن شہروں کے ہوائی اڈوں کو ایک نوٹیفیکیشن موصول ہونے کے بعد کیا گیا ہے۔ اس میں کہا گیا ہے کہ جن صارفین کے ساتھ اس مدت کے دوران سفر کرنے کے لئے مجاز ٹکٹ موجود ہیں، انھیں یا تو ٹکٹ کی پوری رقم واپس کردی جائے گی یا پھر ری شیڈولنگ چارجز پر ایک بار کی راحت دی جائے گی۔

اسی دوران انڈیکو نے بھی سری نگر، جموں، امرتسر، لیہہ، چنڈی گڑھ، دھرمشالہ، بیکانیر اور جودھپور کے لئے آج اپنی سبھی پروازیں منسوخ کردی ہیں۔ تمام مسافروں کو یہ صلاح دی جاتی ہے کہ وہ ہوائی اڈے پہنچنے سے پہلے اپنی پروازوں کے سلسلے میں تازہ جانکاری سے واقف رہیں۔x

## Mock Drill Delhi

آج قومی راجدھانی کے 11 ضلعوں سمیت پورے ملک میں سول ڈیفنس ماک ڈرلز کی گئی۔ اس مشق میں ڈسٹرکٹ کنٹرولر، دیگر ڈسٹرکٹ اہلکاروں، سول ڈیفنس وارڈن اور رضاکاروں، ہوم گارڈز، NCC، NSS، NYKS اور اسکول اور کالج کے طلبا نے سرگرمی سے حصہ لیا۔ اہم مقامات جیسے سبھی بڑے اسپتالوں، خان مارکیٹ، NDMC ، پالیکا کیندر IGI ائیرپورٹ اور دلی کینٹ پر یہ مشقیں انجام دی گئیں۔ ماک ڈرل کے حصے کے طور پر قومی راجدھانی کے مختلف حصوں میں اس کی تیاری کا جائزہ لینے کے لئے 15 منٹ کا بلیک آؤٹ کیا گیا۔ نئی دلی میں میڈیا سے

بات کرتے ہوئے میونسپل کونسل کے نائب صدر کلجیت چہل نے کہا کہ سول ڈیفنس ڈرل کامیابی کے ساتھ انجام دی گئی۔x

## Mock Dril

آج پورے مغربی بنگال میں ماک ڈرِل کی گئی۔ ریاست کے 31 مقامات کو ماک ڈرل کے لئے چنا گیا تھا۔ اس ڈرلز میں اسکولی طلبا بھی شامل تھے، جس میں انھیں دشمن کے ہوائی حملوں کی صورت میں فوری طور پر کیا کرنا چاہئے اور جنگ جیسی صورتحال میں سائرن بجنے پر کیا کارروائی کرنی چاہئے، اس سے متعلق مشق کرائی گئی۔

امور داخلہ کی مرکزی وزارت اور اتراکھنڈ کی حکومت نے بھی آج دہرہ دون میں ماک ڈرل کی۔

منی پور میں آج متعدد مقامات پر ماک ڈرل آپریشن ابھیاس کیا گیا۔

مرکزی ریلوے کی سول ڈیفنس آرگنائزیشن نے بھی آج ممبئی کے چھترپتی شیواجی مہاراج ٹرمنس پر ایک جامع ماک ڈرل کامیابی کے ساتھ انجام دی۔

## LOC Firing

پاکستانی فوج کی پوسٹ نے جموں وکشمیر کے پنچھ اور Tangdhar میں کل رات سے گولہ باری شروع کی اور شہری علاقوں کو نشانہ بنایا۔ دفاعی ذرائع نے کہا ہے کہ اس حملے میں 15 شہری ہلاک اور دیگر 43 زخمی ہوئے ہیں۔x

## Rohit Cricet

روہت شرما نے ٹسٹ کرکٹ سے فوری طور پر ریٹائرمنٹ کا اعلان کردیا ہے۔ انھوں نے یہ اطلاع سوشل میڈیا پوسٹ کے ذریعے دی۔ دریں اثنا 38 سالہ کرکٹر روہت شرما ایک روزی میچوں میں بھارت کی نمائندگی کرتے رہیں گے۔x

## NIA- Pahalgam

قومی تحقیقاتی ایجنسی NIA نے سبھی سیاحوں ، بھارت آنے والوں اور مقامی لوگوں سے پہلگام میں سیاحوں پر دہشت گردانہ حملے سے متعلق جانکاری ، فوٹو گراف یا ویڈیوز کو فوری طور پر شیئر کرنے کیلئے کہا ہے۔ اپنی اپیل میں NIA نے سبھی لوگوں سے اپیل کی ہے کہ وہ ایجنسی کے موبائل نمبر 9654958816 یا لینڈ لائن نمبر 011-24368800 پر کال کرسکتے ہیں اور جانکاری دے سکتے ہیں ۔ NIA نے ایک بیان میں کہا کہ اس کے پاس حملے کے مختلف پہلوؤں کو دکھاتے ہوئے فوٹو گراف اور ویڈیوز موجود ہیں اور وہ ان کا تفصیلی معائنہ کررہی ہے۔ x

## CBI Director

حکومت نے، CBI کے ڈائریکٹر پروین سود کی سروس مدت میں اس مہینے کی 24 تاریخ کے بعد سے ایک سال کے لئے توسیع کردی ہے۔ اس توسیع کی منظوری کابینہ کی تقرریوں کی کمیٹی کے ذریعے دی گئی۔ جناب سود کرناٹک کیڈر کے ایک IPS افسر ہیں اور انھیں اس مہینے کی 25 تاریخ کو ریٹائر ہونا تھا۔ x

## Chattisgarh Killed

چھتیس گڑھ کے بیجاپور ضلعے میں سیکورٹی فورسز کے ساتھ ایک جھڑپ میں کم سے کم 22 ماؤنواز ہلاک ہوگئے۔ یہ جھڑپ ضلع کے پہاڑی علاقے میں Kargutta کے مقام پر آج صبح شروع ہوئی۔ اس علاقے میں نکسل مخالف کارروائی اب بھی جاری ہے۔x

*******